# 01-04-2025 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

...... ریاستی بی سی کی فلاح و بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے واضح کیا کہ حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی میں کانچہ گچی بوولی میں زیر بحث زمین پر ریاستی حکومت کے مکمل حق ملکیت ہیں۔

...... مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانچہ گچی باولی زمین کے معاملے پر مرکزی وزیر برائے ایچ آر ڈی دھرمیندر پردھان سے مداخلت کی درخواست کی۔

...... مرکزی وزیر پرہلاد جوشی کا کہنا ہے کہ وقف ترمیمی بل کسی کی جائیداد ضبط کرنے کی کوشش نہیں کرتا ہے۔

......سخت ریسکیو آپریشنز اور مربوط کوششوں کے باوجود، ناگر کرنول ضلع میں ایس ایل بی سی ٹنل حادثے میں لاپتہ آٹھ میں سے چھ ورکرز ابھی تک لاپتہ ہیں۔

PONNAM

ریاستی بی سی کی بہبود کے وزیر پونم پربھاکر نے واضح کیا کہ کانچہ گچی باؤلی میں زیر بحث زمین پر حکومت کے مکمل حق ملکیت ہیں۔ راجنا سرسیلا ضلع میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر موصوف نے مزید وضاحت کی کہ کانگریس حکومت نے پہلے ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ میں عرضیاں دائر کیں اور زمین کا ٹائٹل اپنے حق میں حاصل کیا۔ انہوں نے کہا کہ زمین کے حوالے سے کوئی بھی مسئلہ توہین عدالت کا باعث بنے گا۔

Sound byte

BJP

بی جے پی تلنگانہ کے صدر اور مرکزی وزیر کشن ریڈی نے بی جے پی ممبران پارلیمنٹ کے ایک وفد کی قیادت کی جس میں مرکزی وزیر بندی سنجے، کونڈا وشویشور ریڈی، ایٹالہ راجندر، دھرما پوری اروند اور ناگیش شامل ہیں- مرکزی وزیر فروغ انسانی وسائل دھرمیندر پردھان سے ملاقات کی۔ ارکان پارلیمنٹ نے ان زمینوں کی ماحولیاتی اہمیت پر روشنی ڈالی، جس میں دواؤں کے پودوں کی 700 اقسام اور پرندوں کی 220 اقسام پائی جاتی ہیں، جو انہیں حیدرآباد کے ماحولیاتی توازن کے لیے اہم بناتی ہیں۔ انہوں نے خدشات کا اظہار کیا کہ زمینوں کو رئیل اسٹیٹ پراجیکٹس میں تبدیل کرنے سے قدرتی ورثے کو نقصان پہنچے گا جبکہ نجی اداروں کو بڑے پیمانے پر مالی فوائد حاصل ہوں گے۔ بی جے پی قائدین نے یہ بھی نشاندہی کی کہ یونیورسٹی آف حیدرآباد کے طلباء اور حیدرآباد کے شہری ریاستی حکومت کے زمینوں کی نیلامی کے فیصلے کی مخالفت کر رہے ہیں۔ وفد نے مرکزی وزیر پر زور دیا کہ وہ ماحولیاتی طور پر حساس علاقوں کی حفاظت اور تجارتی استحصال کو روکنے کے لیے فوری اقدام کریں۔

HUC

ے حیدرآباد میں ایم ایل کوارٹرس میں تعینات پولیس نے بھارتیہ جنتا پارٹی۔ بی جے پی کے قائدین کو رنگاریڈی ضلع کے تحت کنچا گچی باولی میں ریاستی حکومت کے ذریعہ نیلام کی جانے والی چارسوا یکراراضی پر جاری پیش رفت کو دیکھنے کے لئے حیدرآباد یونیورسٹی کا دورہ کرنے سے روک دیا۔ بی جے پی نے بی جے پی ایل پی لیڈر مہیشور ریڈی کی قیادت میں یہاں کا دورہ کرنے کا منصوبہ بنایا تھا۔ کچھ بی جے پی قائدین کو ایم ایل اے کوارٹرس میں ہی حراست میں لے لیا گیا جبکہ پائل شنکراور دھن پال سوریہ نارائنا کو دیگر بی جے پی کارکنوں کے ساتھ بی جے پی کے دفتر منتقل کردیا گیا۔ بی ارایس کے طلبا قائدین نے بھی کے بی آر پارک میں احتجاجی مظاہرہ کیا۔اور کانچا گچی باولی میں سبزہ زار کوصاف کرنے کی مخالفت کی ۔ اس موقع پر کانگریس حکومت کے زمینوں کوفروخت کرنے کے فیصلے کی سخت مخالفت کی گئی۔ حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی میں اس وقت کشیدگی پھیل گئی جب طلبا کی ایک بڑی تعداد نے کانچا گچی باولی اراضی کے تحفظ کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ مظاہرین یونیورسٹی کے مین گیٹ پر جمع ہوئے اورنعرے بازی کی ۔اس افراتفری کے درمیان بی جے وائی ایم کے رہنما۔ اے بی وی پی اور بائیں بازو کی جماعتوں نے یونیورسٹی میں داخل ہونے کی کوشش کی ۔ جبکہ پولیس نے انہیں روک دیا۔ پولیس نے اس موقع پر کئی مظاہرین کوبھی گرفتارکرتے ہوئے پولیس اسٹیشن منتقل کیا۔صورتحال بہ دستور کشیدہ کیونکہ طلبا کے گروپس زمین کے تنازعہ سے متعلق اب بھی عدم اطمینان کا شکار ہیں۔

PIL

تلنگانہ ہائی کورٹ میں کانچہ گچی باؤلی میں اراضی کی حیثیت سے متعلق ایک PIL دائر کی گئی ہے۔ واٹا فاؤنڈیشن نے مفادعامہ کی ایک عرضی کے ذریعے عدالت سے اس علاقے کو نیشنل پارک کے طور پر نامزد کرنے پر زور دیا۔ درخواست گزار کی نمائندگی کرنے والے وکلاء نے معاملے کی عجلت کا حوالہ دیتے ہوئے جلد سماعت کے لیے استدلال کیا۔ ہائی کورٹ نے کیس کی کل سماعت کرنے پر رضامندی ظاہر کردی ہے۔

JOSHI WAQF

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج کہا کہ وقف ترمیمی بل کسی کی جائیداد ضبط کرنے کی کوشش نہیں کرتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انصاف دینا مقصود ہے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے بات کرتے ہوئے جوشی نے اپوزیشن پر بل سے متعلق لوگوں کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔

Sound byte joshi

اس دوران، کانگریس کے رکن پارلیمنٹ اجول رمن نے کہا کہ بل پر تفصیلی بحث ہونی چاہیے اور اسے جلد بازی میں پاس نہیں کیا جانا چاہیے۔

BANDI

مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ امور بندی سنجے کمار نے کانچا گچی باولی میں زمین کی نیلامی کے فیصلے پر کانگریس حکومت پر سخت حملہ کیا۔ ٹویٹر پر، وزیر نے ریاستی حکومت پر عدالت کی توہین کرنے اور مالی فائدہ کے لئے ماحول کو تباہ کرنے والے طریقوں میں ملوث ہونے کا الزام

لگایا۔ بندی سنجے نے الزام لگایا کہ زیر بحث زمین جنگلاتی علاقے میں آتی ہے اور سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق، جنگل کی خصوصیات والی کسی بھی زمین کو مرکزی حکومت کی پیشگی منظوری کے بغیر تبدیل یا فروخت نہیں کیا جاسکتا۔

MAHESH GOUD

ٹی پی سی سی کے صدر مہیش کمار گوڈ نے واضح کیا کہ ریاست حکومت حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی (HCU) کی زمینوں پر قبضہ نہیں کر رہی ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ کچھ عرصہ قبل ایچ سی یو کی زمینوں کے بدلے متبادل سرکاری زمینیں مختص کی گئی تھیں، جس کے بعد سے وہ سرکاری جائیداد میں تبدیل ہوئی ہیں۔ گاندھی بھون میں منعقدہ ایک میڈیا کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، انہوں نے یقین دلایا کہ کوئی بھی کارروائی، بشمول جنگلاتی علاقے کی حالیہ کلیئرنگ، عدالتی احکامات کی تعمیل کو یقینی بناتے ہوئے، قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ہی کی جارہی ہے۔

SLBC

ناگر کرنول ضلع کے ڈوملا پنٹا میں ایس ایل بی سی سرنگ میں حادثے کے بعد لاپتہ ہونے والے آٹھ میں سے چھ کارکن سخت ریسکیو آپریشنز اور مربوط کوششوں کے باوجود ابھی تک لاپتہ ہیں۔ انسانی باقیات کے ممکنہ مقامات کی نشاندہی کرنے کے لیے کیڈاور کتوں کو دوبارہ تعینات کیا گیا، لیکن ان کے نتائج سے کوئی نتیجہ نہیں نکلا، جس سے ریسکیو ٹیمیں رک گئیں۔ بچاؤ کارروائیوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کی ایک تازہ کوشش میں، اسپیشل آفیسر شیوا شنکر لوتھیٹی نے آج صورتحال کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران، لوتھیٹی نے بچاؤ کی کوششوں میں رکاوٹ بننے والے اسٹیل اور لوہے کے ملبے کو صاف کرنے کے لیے کیے جانے والے مکمل اقدامات کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی ایجنسیوں کے درمیان مربوط ٹیم ورک آپریشن کے لیے اہم ہے۔

KAVITA

بی آر ایس ایم ایل سی کے کویتا نے تلنگانہ میں خواتین کے خلاف بڑھتے ہوئے جرائم کے واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ ناگر کرنول ضلع میں حالیہ مظالم اور حیدرآباد میں آج ایک جرمن سیاح پر جنسی حملے کا حوالہ دیتے ہوئے فوری کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے، انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ اپنی نیند سے بیدار ہو اور صورت حال پر قابو پانے کیلئے اقدامات کریں۔ انہوں نے کانگریس حکومت پر تنقید کی کہ وہ خواتین کے تحفظ کو نظر انداز کر رہی ہے۔ انہوں نے اس موقع پر سرکاری اعداد وشمار کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ریاست میں خواتین کے خلاف جرائم میں بائیس فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اور ریاست میں لا اینڈ آرڈر کی صورتحال ابتر بنی ہوئی ہے۔

WEATHER

آئندہ پانچ دنوں کے دوران تلنگانہ کے الگ الگ مقامات پر گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ طوفان آنے کا امکان ہے۔ موسمیاتی مرکز نے اپنی یومیہ موسم کی رپورٹ میں آج کہا کہ اگلے سات دنوں کے دوران ریاست میں الگ الگ مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش یا گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ تلنگانہ میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک رہا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ تلنگانہ کے عادل

آباد میں کل سب سے زیادہ 41.3 ڈگری سیلسیس درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

IPL

آج کے آئی پی ایل میچ میں، لکھنؤ سوپر جائنٹس (ایل ایس جی ) لکھنؤ کے بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپائی ایکنا کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوم میچ میں پنجاب کنگز (پی بی کے ایس ) کے خلاف آمنے سامنے ہوں گے۔ ایل ایس جی 27 مارچ کو حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد (ایس آر ایچ ) کے خلاف سنسنی خیز فتح حاصل کرنے کے بعد سیزن کی اپنی پہلی ہوم جیت حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔

RS SOLAR PLANT

پی ایم سوریہ گھر- مفت بجلی یوجنا کے تحت چھتوں پر سولر پلانٹس کی تنصیب سے تقریباً 11 لاکھ گھرانوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں، نئی اور قابل تجدید توانائی کے وزیر مملکت شری پد یسو نائک نے کہا، اس اسکیم کے نیشنل پورٹل پر تقریباً 48 لاکھ درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس اسکیم کے تحت ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مرکزی مالیاتی امداد کے طور پر تقریباً پانچ ہزار 77 کروڑ روپے کی رقم بھی تقسیم کی گئی ہے۔